# مذاہبِ اربعہ

مولوی فضل الرحمٰن
متعلم تخصصِ فقہِ اسلامی، جامعہ

## ائمہ، تلامذہ، فقہی مناہج، اُمہات الکتب

## ایک مختصر تعارف (تیسری اور آخری قسط)

## مذاہبِ اربعہ، ایک نظر میں

ذیل کی سطور میں گزشتہ تحریر کا خلاصہ پیش کیا گیا ہے:

### حنفی مذہب

حنفی مذہب کے مؤسس امام ابوحنیفہ نعمان بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ ہیں جو ۸۰ھ کو کوفہ میں پیدا ہوئے اور بغداد میں ۱۵۰ھ میں وفات پائی۔ آپ کے مشہور تلامذہ میں امام ابو یوسفؒ، امام محمدؒ، امام زفرؒ، امام حسن بن زیادؒ، امام وکیعؒ، عبداللہ بن مبارکؒ، عافیہ بن یزیدؒ، یحییٰ بن ابی زائدہؒ اور قاسم بن معنؒ کا شمار ہوتا ہے۔

فقہی منہج کی بنیاد ۱۱ اصول ہیں: ۱: کتاب، ۲: سنت، ۳: اجماع، ۴: قیاس، ۵: استحسان، ۶: اقوالِ صحابہؓ، ۷: عرف، ۸: مصالحِ مرسلہ، ۹: سدِ ذریعہ، ۱۰: استصحابِ حال، ۱۱: شرائع من قبلنا۔

امہات الکتب میں مبسوط، جامع صغیر، جامع کبیر، سیرِ صغیر، سیرِ کبیر، زیادات، مبسوطِ سرخسی، بدائع الصنائع، ہدایہ، فتاویٰ ہندیہ اور رد المحتار وغیرہ گنے جاتے ہیں۔

### مالکی مذہب

مالکی مذہب کے مؤسس امام مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ ہیں جو ۹۳ھ میں مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے اور وہیں ۱۷۹ھ میں وفات پائی۔ مشہور تلامذہ عبد الرحمٰن بن قاسمؒ، اشہب بن عبد العزیزؒ، محمد بن المواز الاسکندریؒ، عبد السلام بن سعید سحنون التنوخیؒ، عبد الملک بن حبیب اندلسیؒ وغیرہ شمار ہوتے ہیں۔

فقہی منہج کی بنیاد ۱۲ اُصولوں پر ہے: ۱: کتاب، ۲: سنت، ۳: اجماع، ۴: قیاس، ۵: تعاملِ اہلِ

مدینہ، ۶:قول صحابیؓ، ۷:استحسان، ۸:سدِ ذریعہ، ۹:مراعاۃ الخلاف، ۱۰:استصحابِ حال، ۱۱:مصالحِ مرسلہ،۱۲:شرائع من قبلنا۔

اُمہات الکتب میں ’’المدونۃ‘‘،’’الواضحۃ‘‘،’’المستخرجۃ‘‘،’’الموازیۃ‘‘،’’مختصر خلیل‘‘ وغیرہ شمار ہوتے ہیں۔

## شافعی مذہب

شافعی مذہب کے مؤسس محمد بن ادریس شافعی رحمۃ اللہ علیہ ہیں جو غزوہ میں ۱۵۰ھ میں پیدا ہوئے اور مصر میں ۲۰۴ھ کو وفات پائی۔ممتاز تلامذہ میں یوسف بن یحییٰ البویطی ، اسماعیل بن یحییٰ مزنی ،عبداللہ بن زبیر حمیدی ، ربیع بن سلیمان المرادی ،حرملہ بن یحییٰ وغیرہ نمایاں ہیں۔

فقہی منہج کی بنیاد چار اُصول ہیں:۱:کتاب،۲:سنت،۳:اجماع،۴:قیاس۔

اُمہات الکتب میں ’’الأم‘‘،’’متصر المزني‘‘،’’المهذب‘‘،’’مغنی المحتاج‘‘،’’نهاية المحتاج‘‘ وغیرہ کے نام گنتی میں آتے ہیں۔

## حنبلی مذہب

حنبلی مذہب کے مؤسس امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ ہیں جو ۱۶۴ھ کو بغداد میں پیدا ہوئے اور وہیں ۲۴۱ھ میں وفات پائی۔مشہور تلامذہ میں صالح بن احمد بن حنبل،عبداللہ بن احمد بن حنبل، ابوبکر احمد بن محمد الاثرم ، ابوبکر احمد بن محمد المروزی ،عبدالملک بن عبدالحمید وغیرہ کے نام ذکر کیے جاتے ہیں۔

فقہی منہج آٹھ اُصولوں پر استوار ہوتا ہے: ۱:کتاب،۲:سنت،۳:فتویٰ صحابیؓ،۴:اجماع، ۵:قیاس،۶:استصحابِ حال،۷:مصالحِ مرسلہ،۸:سدِذریعہ۔

امہات الکتب میں ’’مختصر الخرقي‘‘،’’الكافي‘‘،’’المغني‘‘،’’العمدة‘‘، ’’الإنصاف‘‘،’’الاقناع‘‘،’’منتهى الإرادات‘‘ وغیرہ مشہور ہیں۔ (انتہیٰ)